# پری فزیبلیٹی تحقیق

(فرنیچر ڈیزائن کے لئے CAD)

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk


**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 92 42 111 111 456

فیکس 92 42 36304926-7

helpdesk@smeda.org.pk


اپریل 2016


**ریجنل آفس پنجاب**

بلڈنگ نمبر 3، فلور: 3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور

ٹیلی فون: 111-111-456 (042)

فیکس نمبر: 36304926-7(0423)

helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**

بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی

ٹیلی فون: 111-111-456 (021)

فیکس نمبر: 35610572 (021)

helpdesk-khi@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخوا**

دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور

ٹیلی فون: 9213046-47 (091)

فیکس نمبر: 286908 (091)

helpdesk-pew@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**

بنگلو نمبر: 15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ

ٹیلی فون: 2831623, 2831702 (081)

فیکس نمبر: 2831922 (081)

helpdesk-qta@smeda.org.pk

| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 2 | اظہار لاتعلقی | 1 |
| 2 | اجمالی جائزہ | 2 |
| 3 | سمیڈا کا تعارف | 3 |
| 3 | دستاویز کا مقصد | 4 |
| 3 | کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان | 5 |
| 4 | پراڈکٹ مکس | 5.1 |
| 5 | ابتدائی و عملی استعداد | 5.2 |
| 5 | انتہائی قابل توجہ امور | 6 |
| 5 | جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع | 7 |
| 5 | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 8 |
| 6 | منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ | 9 |
| 6 | معاشی کیفیت | 9.1 |
| 6 | درکار سرمایہ | 9.2 |
| 6 | کل لاگت کاروبار | 9.3 |
| 7 | درکار زمین | 9.4 |
| 7 | CAD سافٹ ویئر اور درکار دفتری آلات | 9.5 |
| 8 | درکار فرنیچر اور فکسچر ز اور دفتری گاڑیاں | 9.6 |
| 8 | درکار افرادی قوت | 9.7 |
| 9 | یوٹیلیٹیز اور دیگر لاگتیں | 9.8 |
| 9 | آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار | 9.9 |
| 10 | ماہرین ومشیران | 10 |
| 10 | کارآمد روابط | 11 |
| 12 | ضمیمہ جات | 12 |
| 12 | آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ) | 12.1 |
| 13 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 12.2 |
| 14 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو) | 12.3 |
| 15 | کلیدی مفروضے | 13 |

## 1۔ اظہار لاتعلقی (DISCLAIMER)

یہ معلوماتی مواد اس کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔ اگرچہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔ البتہ اس میں کئی مفروضات بھی ہیں جو مختلف حالات میں مختلف نتائج دے سکتے ہیں۔ یہ معلومات ''جو ہے، جیسے ہے'' کی بنیاد پر دی گئی ہیں سمیڈا، اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ البتہ اس کام کو سرانجام دیتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔

اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ سرمایہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ ممکنہ سرمایہ کار کو دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

اس کاروبار سے متعلق تفصیلی رپورٹ **SMEDA** نے تیار کی ہے۔ **SMEDA** کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے **SMEDA** کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

**دستاویز**

| | |
|---|---|
| دستاویز نمبر | پری فزیبلٹی نمبر 101 |
| تیار کردہ | سمیڈا پنجاب |
| تاریخ تیاری | اپریل 2016ء |
| مزید معلومات | پراونشل چیف پنجاب<br>janjua@smeda.org.pk |

## 2۔ اجمالی جائزہ (EXECUTIVE SUMMARY)

مجوزہ منصوبہ کمپیوٹر کی مدد سے لکڑی کے فرنیچر کے ڈیزائن تیار کرنے کی سہولت قائم کرنے کے متعلق ہے۔ یہ کاروبار سروسز فراہم کرنے کی طرز کا ہے اور مقامی لکڑی کے فرنیچر اور فکسچرز کے مینوفیکچررز کی بڑھتی ہوئی خوبصورت شکل وشباہت اور جدید فرنیچر ڈیزائن کی ضروریات کو پورا کرے گا۔ جدید ترین CAD (Computer Aided Design) سافٹ ویئر کے ایپلی کیشن (Application) کے ساتھ گھروں اور اس کے ساتھ ساتھ دفاتر کے لئے منفرد فرنیچر ڈیزائن تیار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہوگا۔

پاکستان میں فرنیچر کی صنعت بنیادی طور پر بڑے شہروں بشمول کراچی، لاہور، گجرات، فیصل آباد، راولپنڈی اور پشاور تک محدود ہے۔ تاہم ان بڑے شہروں کے فرنیچر کلسٹر یہ منصوبہ قائم کرنے کے لئے مناسب لوکیشن ہیں۔ شہری طرز زندگی کے بڑھتے ہوئے رجحان کے ساتھ نئی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے قیام سے اس سیکٹر کے دائرہ کار میں حیران کن اضافہ ہوا ہے۔

اس منصوبہ میں فرنیچر مینوفیکچررز کی ضروریات کے مطابق مختلف فرنیچر اور سامان آرائش کے 600 کیڈ CAD (Computer Aided Design) ڈیزائن تیار کرنا سالانہ فرض کیا گیا ہے۔ تاہم شروع کے سال میں یونٹ 60 فیصد عملی استعداد کے ساتھ 360 CAD ڈیزائن تیار کرے گا۔ تقریباً 10 افراد بشمول مالک مینیجر کاروبار کے امور چلانے کے لئے درکار ہوں گے۔ اس منصوبہ کی کامیابی کے لئے کاروباری شخص کا فرنیچر کی صنعت کے متعلق پہلے سے موجود تجربے کے ساتھ CAD سافٹ ویئر ایپلی کیشن (Application) کا علم ہونا اہم ترین عوامل ہیں۔

تجویز کردہ CAD فرنیچر ڈیزائن یونٹ قائم کرنے کے لئے 1.50 ملین روپے گردشی سرمایہ اور 2.53 ملین روپے مستقل لاگت کے ساتھ کل لاگت کا تخمینہ 4.03 ملین روپے لگایا گیا ہے۔ منصوبہ کی NPV موجودہ قدر حاصل 19.73 ملین روپے کے ساتھ IRR اندرونی شرح منافع 73 فیصد اور مدت واپسی 2.13 سال ہے۔ اس منصوبہ کی قانونی حیثیت فرد واحد تجویز کی گئی ہے۔

## 3۔ سمیڈا کا تعارف (INTRODUCTION TO SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998ء میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کی خاطر عمل میں لایا گیا۔

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ، ان کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کا تعارف، ان کا طریقہ کار، سرمائے کے حصول کے مواقع، کاروبار جمانے کے لئے معلومات، منڈیوں اور صارفین تک رسائی و فراہمی، تکنیکی پلان مہیا کرنے، ادارہ جاتی تعاون اور نیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔

## 4۔ دستاویز کا مقصد (PURPOSE OF THE DOCUMENT)

کاروبار کے ممکنہ امکانات کی تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبار شروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔ اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت، اس کے آغاز، تکمیل اور متوقع منافع کے حصول کے لئے مناسب اور ضروری امور کی وضاحت اور احتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔

زیر نظر دستاویز میں فرنیچر ڈیزائن کے لئے **CAD** کی سہولت قائم کرنے والوں کے لئے اس کاروبار کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تاکہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کر سکیں۔

کاروبار کی ایسی اقسام بھی ہیں جہاں پر لکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی، عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات بھی میسر نہیں ہیں۔ لہٰذا اس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔ اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری پر ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جو ایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیر تحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعد از اں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیے جو کسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

## 5۔ منصوبے کا مختصر بیان (BRIEF DESCRIPTION OF PROJECT)

موجودہ دور میں فرنیچر مینوفیکچررز کو اپنے گاہکوں کی منفرد اور بیک وقت زیادہ سے زیادہ پیچیدہ فرنیچر کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے چیلنج کا سامنا ہے۔ اسی طرح (Just in time) آرڈر کی تکمیل پر عملدرآمد بھی فرنیچر مینوفیکچررز کے لئے بہت اہم ہے۔ ان اُبھرتے ہوئے چیلنجز کا سامنا کرنے کے لئے CAD کمپیوٹر سافٹ ویئر فرنیچر کی صنعت میں ڈیزائن کی تیاری کے عمل میں مدد دینے کے لئے عام استعمال کیا جاتا ہے جس کی وضاحت یہ ہے کہ کمپیوٹر سسٹم کا استعمال تخلیق میں مدد کے لئے، ترمیم، تجزیئے یا ڈیزائن کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ CAD کا نتیجہ اکثر الیکٹرانک فائلز، مشینی یا دوسرے پیداواری عوامل کی صورت میں ہوتا ہے۔ سادہ الفاظ میں کمپیوٹرائزڈ فرنیچر ڈیزائننگ پیٹرن (Pattern) فرنیچر کے حصوں کو اپلی کیشن (Application) کے ذریعے ترتیب دینے کا ایک فن ہے جس میں ممکنہ طور پر ایک جیسے انداز کے عناصر پائے جانے کا امکان ہوتا ہے۔ اس میں سے ہر ایک کو انجینئرنگ کے ذریعے انفرادی طور پر اور مخصوص تیاری کے عمل کے ذریعے بنانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

فرنیچر کی صنعت میں اس موجودہ انقلاب نے خاص طور پر گھروں اور دفاتر میں استعمال کئے جانے والے فرنیچر کی درستگی، تخلیق، گاہک کی ضرورت کے مطابق، رفتار اور ترتیب میں بہت بہتری پیدا کی ہے۔

کمپیوٹرائزڈ فرنیچر ڈیزائننگ کا بنیادی تصور تربیت یافتہ عملہ اور ہنرمند کاریگروں کے ساتھ معیاری مثالی مصنوعات فراہم کرنا ہے لیکن اس کے لئے منصوبہ بندی اور ترتیب کی ضرورت ہے جو کہ ممکنہ گاہکوں کی ضروریات کو پورا کرے گا۔ کمپیوٹرائزڈ فرنیچر ڈیزائننگ نے پیمائش میں غلطی کو کم کیا ہے اور فرنیچر کے مختلف حصوں کو وضاحت کئے گئے انداز کے مطابق جوڑنے کا درست طریقہ کار دیا ہے۔ کمپیوٹرائزڈ ڈیزائننگ سے بنائے گئے فرنیچر کے لئے مقامی مارکیٹ میں بڑے پیمانے پر مواقع موجود ہیں کیونکہ مقامی شوروم اس قسم کا فرنیچر ملیشیا، اٹلی، سپین اور امریکہ سے درآمد کر رہے ہیں۔ لہٰذا بڑھتی ہوئی آبادی اور نئے گھروں کی تعمیر کی ضرورت کے پیش نظر یہ توقع کی جاتی ہے کہ فرنیچر کے کاروبار میں اضافہ ہوتا رہے گا۔

یہ تحقیق CAD فرنیچر ڈیزائننگ کی سہولت قائم کرنے کے متعلق بنیادی معلومات فراہم کرتی ہے جو مختلف گاہکوں خاص طور پر لکڑی کے فرنیچر بنانے والے، بڑھئی، انٹیریر ڈیزائنر، ڈیزائن سٹوڈیوز، تکنیکی تربیتی ادارے اور دفاتر وغیرہ کو ڈیزائننگ کی خدمات فراہم کرے گا۔ یہ اسیسریز (Accessories) کے ساتھ مکمل فرنیچر ڈیزائننگ سافٹ ویئر (ie PRO 100, Board Based Furniture Version 5.0) پر مشتمل ہوگا۔ یہ آزادانہ ایپلی کیشن (Application) پروگرام کے ساتھ اصل فرنیچر بنانے کے لئے کام کرتی ہے۔ صارف فرنیچر کے اجزاء پر کام کرتا ہے، اس طرح سے خیالی طور پر ترتیب دیتے ہوئے جیسے یہ اصل تھے۔ مکمل سافٹ ویئر کسی بھی صورتحال میں ہر قسم کا فرنیچر جیسا کہ دفتری فرنیچر، گھریلو فرنیچر، غیر معیاری فرنیچر (Non Standard Furniture) اور باغ کے فرنیچر وغیرہ کی ڈیزائننگ اور تیاری کے تمام مقاصد کا مکمل سافٹ ویئر ہے۔

تجویز کردہ سہولت فرد واحد کا کاروبار فرض کیا گیا ہے۔

## 5.1۔ پراڈکٹ مکس (PRODUCT MIX)

یہ پراجیکٹ لکڑی کے فرنشنگ (Furnishing) اور فکسچرز (Fixture) آئٹم بشمول دفتری فرنیچر، بیڈ روم فرنیچر، ڈائننگ، ڈرائنگ اور عام کمرے کے استعمال کا فرنیچر، الماریاں، ریکس، شیلفس وغیرہ بڑے پیمانے پر تیار کرنے کی صلاحیت رکھے گا۔ فرض کی گئی پراڈکٹ مکس کے مجموعہ کے متعلق تفصیل نیچے درج ہے:

جدول نمبر 1: پراڈکٹ مکس

| پراڈکٹ مکس | تفصیلات |
|---|---|
| **دفتری فرنیچر** | **45 فیصد** |
| جنرل آفس فرنیچر | 75 فیصد |
| ایگزیکٹو آفس فرنیچر | 25 فیصد |
| **گھریلو فرنیچر** | **45 فیصد** |
| ڈبل بیڈ | 25 فیصد |
| سنگل بیڈ | 15 فیصد |
| ڈرائننگ، ڈائننگ اور کامن روم فرنیچر | 30 فیصد |
| کچن | 30 فیصد |
| **متفرق** | **10 فیصد** |
| الماریاں | 40 فیصد |
| کیبینٹ | 30 فیصد |
| ریکس اور شیلفس | 30 فیصد |

## 5.2۔ ابتدائی اور عملی استعداد (INSTALLED AND OPERATIONAL CAPACITIES)

پیٹرن ڈیزائننگ سہولت(Pattern Design Facility) کی عملی اور ابتدائی استعداد کا انحصار نصب کئے گئے سافٹ ویئر کے ساتھ قابل عمل اوقات اور کام کے دنوں پر ہے۔اس پری فزیبلٹی تحقیق کی بنیاد 8 گھنٹے روزانہ کام کے اوقات اور 300 قابل عمل دن سالانہ کے ساتھ سنگل CAD سافٹ ویئر پر ہے۔اس کے مطابق تجویز کردہ کاروبار کی پیداواری استعداد مختلف آئٹمز کے 600 نمونے سالانہ تیار کرنا ہوگی۔کاروبار کی زیادہ سے زیادہ پیداواری استعداد 95 فیصد یعنی کہ (571) فرض کی گئی ہے۔تاہم عمل کے پہلے سال کے دوران یہ 60 فیصد استعداد پر کام کرے گا یعنی کہ (360)۔

آنے والے سالوں کے لئے پیداواری استعداد میں اضافہ کی شرح 5 فیصد مدنظر رکھی گئی ہے۔پیداواری صلاحیت کا یہ اندازہ اقتصادی طور پر قابل عمل ہے اور منصوبے کی مستقل اخراجاتی لاگت کے تمام تقاضوں کو پورا کرتا ہے

## 6۔ انتہائی قابل توجہ امور (CRITICAL FACTORS)

تجویز کردہ CAD فرنیچر ڈیزائن کی کاروباری عمل پذیری مندرجہ ذیل عوامل پر منحصر ہوگی:

☆......کاروباری شخص کے پاس تکنیکی علم اور تجربہ۔

☆......تکنیکی علم رکھنے والے ہنر مند افرادی قوت کی دستیابی۔

☆......صنعتی روابط، براہ راست مارکیٹنگ اور طویل المدت معاہدے کے ذریعے آرڈرز حاصل کرنے کی صلاحیت۔

☆......ماہر ڈیزائنر کا انتخاب ایک اہم عنصر ہے۔یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ سپیشل ڈیزائنر اس کاروبار کے لئے رکھا جائے گا۔

☆......سرمایہ سے منافع کا حصول اور کاروبار کی مستحکم ترقی کا انحصار کاروباری شخص اور ملازمین کی باقاعدہ تعمیر و تربیت پر ہے۔

☆......منصوبہ کو کامیابی سے چلانے کے لئے درکار موزوں مشینری،ٹیکنالوجی اور افرادی قوت کے انتخاب کی ضرورت ہوگی۔

☆......پروجیکٹ کی کامیابی کے لئے سب سے اہم عنصر معیاری خدمات اور تقابلی فوائد کے لئے گاہکوں کا اطمینان ہوگا۔

☆......نئے ڈیزائن اور انداز کی تخلیق نئے رجحانات قائم کرنے کے لئے اہم ہے کیونکہ مارکیٹ بہت مسابقتی ہے۔

## 7۔جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع (GEOGRAPHICAL POTENTIAL FOR INVESTMENT)

اس منصوبہ کی کامیابی کے لئے یہ اہم ہے کہ فرنیچر ڈیزائن کے ممکنہ گاہکوں تک آسان رسائی کے لئے لوکیشن ترجیحاً لکڑی کے فرنیچر بنانے والے کلسٹر میں تلاش کی جائے۔ فی الحال ملک میں گجرات اور لاہور لکڑی کے فرنیچر بنانے کے مراکز ہیں جس کے بعد کراچی، پشاور، چنیوٹ اور راولپنڈی ہیں۔

تاہم تمام فرنیچر کے مینوفیکچرنگ کلسٹر لاہور، گجرات، کراچی، حب/لسبیلا، حیدرآباد، گوجرانوالہ، ملتان، راولپنڈی، کوئٹہ، چنیوٹ، ایبٹ آباد اور پشاور وغیرہ پراجیکٹ کو قائم کرنے کے لئے موزوں ہیں۔یونٹ بڑے شہر میں قائم کرنے کا فائدہ بڑے پیمانے پر گاہکوں کے قریب ہونا ہوگا جو کہ متواتر آرڈرز اور حوالہ جات کے لئے رہنمائی کرسکتا ہے۔

## 8۔ متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے (POTENTIAL TARGET MARKETS / CITIES)

پاکستان میں کمپیوٹرائزڈ فرنیچر ڈیزائننگ کا کاروبار گزشتہ چند سالوں سے اُبھر رہا ہے۔فرنیچر کی عام نمونہ کاری اور پیداوار کی نسبت کمپیوٹرائزڈ ڈیزائننگ فرنیچر کی پائیداری اور امتیازی شان میں اضافہ کرتا ہے۔آبادی میں اضافہ اور نئے گھروں کی تعمیر کی ضرورت کی وجہ سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ فرنیچر کے کاروبار کی طلب میں اضافہ ہوگا۔

تجویز کردہ ڈیزائننگ کی سہولت ممکنہ بڑی مارکیٹ میں لکڑی کے فرنیچر بنانے والے، بڑھئی، ڈیزائن سٹوڈیوز، انٹیریئر ڈیزائنر،فرنیچر ٹریڈرز اور تربیتی ادارے پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں شامل ہیں۔

## 9۔ منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ (PROJECT COST SUMMARY)

### 9.1۔ معاشی کیفیت (PROJECT ECONOMICS)

اس مالیاتی ماڈل میں تمام اعداد و شمار کا حساب ممکنہ سیلز 2.87 ملین روپے (360 مختلف آرائشی سامان اور فکسچر آئٹمز کے 360 ڈیزائن) سالانہ کے لئے کیا گیا ہے۔ عمل کے پہلے سال کے دوران 5 فیصد شرح اضافہ کے ساتھ عملی استعداد 60 فیصد ہے جبکہ آنے والے سالوں میں زیادہ سے زیادہ عملی استعداد 95 فیصد ہوگی۔

مندرجہ ذیل جدول میں اس کاروبار کے متعلق اندرونی شرح منافع، مدت واپسی اور موجودہ قدر حاصل کی تفصیلات دی گئی ہیں:

**جدول نمبر 2: معاشی کیفیت**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع (IRR) | 73 فیصد |
| کل لاگت کی مدت واپسی (Payback Period) | 2.13 سال |
| موجودہ قدر حاصل (NPV) | 19,730,976 روپے |

### 9.2۔ درکار سرمایہ (PROJECT FINANCING)

مندرجہ ذیل جدول درکار ذاتی سرمائے اور بینک قرض سے متعلق متغیر کی تفصیلات فراہم کرتا ہے:

**جدول نمبر 3: درکار سرمایہ**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| ذاتی سرمایہ (50 فیصد) | 2,016,651 روپے |
| بینک کا قرضہ (50 فیصد) | 2,016,651 روپے |
| بینک کے قرضے پر شرح منافع (سالانہ) | 14 فیصد |
| قرضہ کی مدت | 5 سال |

### 9.3۔ کل لاگت کاروبار (PROJECT COST)

تجویز کردہ کاروبار کے عمل کے لئے مندرجہ ذیل جدول میں درکار مستقل اور گردشی سرمائے کی ضروریات کی نشاندہی کی گئی ہے:

**جدول نمبر 4: کل لاگت کاروبار**

| مندرجات | رقم (روپے) |
|---|---|
| **مستقل لاگت** | |
| CAD سافٹ ویئر اور معاون لوازمات | 333,275 |
| فرنیچر اور فکسچرز | 520,000 |
| دفتری آلات | 1,183,000 |
| دفتری گاڑیاں | 68,250 |

| | |
|---|---|
| قبل از پیداوار لاگت | 427,336 |
| **کل مستقل لاگت** | **2,531,861** |
| گردشی سرمایہ | |
| بلڈنگ کا پیشگی کرایہ | 420,000 |
| انشورنس کی پیشگی ادائیگی | 20,076 |
| نقد | 1,061,364 |
| **کل گردشی سرمایہ** | **1,501,440** |
| **کل لاگت** | **4,033,302** |

## 9.4۔ درکار زمین (SPACE REQUIREMENT)

تجویز کردہ فرنیچر ڈیزائننگ کے لئے CAD کی سہولت کرائے کی جگہ پر ترجیحاً فرنیچر مینوفیکچرنگ کلسٹر، فرنیچر مارکیٹ اور شوروم کے نزدیک قائم کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔ تقریباً 500 مربع فٹ کورڈ ایریا(Covered Area) درکار ہوگا۔ یہ درکار زمین کا تخمینہ سافٹ ویئر ٹیکنالوجی، افرادی قوت اور دیگر دفتری ضروریات کی بنیاد پر فرض کیا گیا ہے۔

کسی بڑے شہر کے انڈسٹریل/کمرشل پلازہ میں درکار دفتر کی جگہ کا کرایہ 35,000 روپے ماہانہ لگایا گیا ہے۔ 3 ماہ کے ایڈوانس کرائے کے ساتھ کم سے کم سکیورٹی ڈیپازٹ جو 3 ماہ کے کرائے کے برابر ہو، درکار ہوگا۔ حاصل کی گئی جگہ کی تزئین و آرائش کی جانی چاہیے جو فرنیچر اور فکسچرز کی لاگت کے سیکشن میں فراہم کی گئی ہے۔

## 9.5 CAD سافٹ ویئر اور درکار دفتری آلات (CAD SOFTWARE & OFFICE EQUIPMENT REQUIREMENT)

تجویز کردہ منصوبہ کے لئے درکار مشینری اور آلات بشمول سافٹ ویئرز اور متعلقہ ہارڈ ویئر اسیسریز کی تفصیل نیچے فراہم کی گئی ہے:

**جدول نمبر 5: CAD سافٹ ویئر اور درکار دفتری آلات**

| مندرجات | تعداد | یونٹ لاگت (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| پرو 100 (اپ گریڈ ڈی وی 5) سافٹ ویئر | 1 | 56,050 | 56,050 |
| پرو وی 4 سافٹ ویئر | 1 | 224,200 | 224,200 |
| آٹو کیڈ سافٹ ویئر | 1 | 25,000 | 25,000 |
| لیزر جیٹ کلر پرنٹر | 1 | 90,000 | 90,000 |
| لیزر جیٹ بی اینڈ ڈبلیو پرنٹر | 1 | 20,000 | 20,000 |
| کمپیوٹرز | 9 | 70,000 | 630,000 |
| کمپیوٹر سرور | 1 | 125,000 | 125,000 |
| یو پی ایس | 9 | 15,000 | 135,000 |
| جنریٹر | 1 | 150,000 | 150,000 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| سکینر | | 1 | 15,000 | 15,000 |
| ٹیلی فونز | | 9 | 2,000 | 18,000 |
| متفرق | | 10 فیصد | | 28,025 |
| **کل لاگت** | | | | **1,516,275** |

## 9.6۔ درکار فرنیچر اور فکسچر ز اور دفتری گاڑیاں (FURNITUER & FIXTURE AND OFFICE VEHICLE REQUIREMENT)

اس منصوبہ کے لئے درکار فرنیچر اور فکسچر ز کی تفصیل ذیل کے جدول میں فراہم کی گئی ہے:

**جدول نمبر 6:** درکار فرنیچر اور فکسچر ز اور دفتری گاڑیاں

| مندرجات | تعداد | لاگت (روپے) | کل (روپے) |
|---|---|---|---|
| سٹاف کے لئے میز اور کرسیاں | 9 | 20,000 | 180,000 |
| وزیٹرز کے لئے کرسیاں | 4 | 5,000 | 20,000 |
| لکڑی کے ریکس/ الماریاں | 4 | 15,000 | 60,000 |
| سپلٹ اے سی | 2 | 55,000 | 110,000 |
| زمین کی تزئین و آرائش | | | 100,000 |
| الیکٹرک وائرنگ اینڈ لائٹنگ | | | 50,000 |
| **ٹوٹل** | | | **520,000** |

## 9.7۔ درکار افرادی قوت (HUMAN RESOURCE REQUIREMENT)

CAD فرنیچر ڈیزائن کے کاروبار کو چلانے کے لئے درکار افرادی قوت کی تفصیل ماہانہ تنخواہوں کے ساتھ نیچے فراہم کی گئی ہے:

**جدول نمبر 7:** درکار افرادی قوت

| مندرجات | تعداد | تنخواہ/ ماہانہ (روپے) | سالانہ تنخواہ (روپے) |
|---|---|---|---|
| سی ای او/ مالک مینجر | 1 | 60,000 | 720,000 |
| سینئر ڈیزائنر | 1 | 50,000 | 600,000 |
| جونیئر ڈیزائنر | 2 | 30,000 | 720,000 |
| ڈرافٹس مین | 4 | 25,000 | 1,200,000 |
| سیلز ایگزیکٹو | 1 | 25,000 | 300,000 |
| آفس بوائے | 1 | 13,000 | 156,000 |
| سکیورٹی گارڈ | 1 | 14,000 | 168,000 |
| **ٹوٹل** | **9** | | **3,864,000** |

## 9.8۔ یوٹیلٹیز اور دیگر لاگتیں (UTILITIES AND OTHER COSTS)

اس منصوبہ میں برداشت کی جانے والی اہم ترین لاگت بجلی کے اخراجات ہیں ۔ بجلی کے اخراجات کا تخمینہ تقریباً 297,360 روپے سالانہ لگایا گیا ہے۔ مزید برآں تشہیری اخراجات جو منصوبہ کے لئے اہم ہیں، کا تخمینہ آمدنی کا 10 فیصد یعنی کہ 777,300 روپے لگایا گیا ہے۔

## 9.9۔ آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (REVENUE GENERATION)

مندرجہ ذیل جدول میں عمل کے پہلے سال کے دوران 60 فیصد عملی صلاحیت کی بنیاد پر متوقع آمدنی کی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں:

**جدول نمبر 8: آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (پہلے سال)**

| پراڈکٹ مکس | پہلے سال پیداوار (ڈیزائن کی تعداد) | پہلے سال قیمت فروخت/ ڈیزائن | آمدنی (روپے) |
|---|---|---|---|
| دفتری فرنیچر | 162 | | |
| جنرل آفس فرنیچر | 122 | 25,000 | 3,050,000 |
| ایگزیکٹو آفس فرنیچر | 40 | 35,000 | 1,400,000 |
| دفتری فرنیچر | 162 | | |
| ڈبل بیڈروم | 41 | 20,000 | 820,000 |
| سنگل بیڈروم | 25 | 12,000 | 300,000 |
| عام کمرہ، ڈرائنگ اور ڈائننگ | 48 | 20,000 | 960,000 |
| کچن | 48 | 20,000 | 960,000 |
| متفرق | 36 | | |
| الماریاں | 15 | 10,000 | 150,000 |
| کیبینٹ | 11 | 10,000 | 110,000 |
| ریکس اور شیلفس | 10 | 10,000 | 100,000 |
| **ٹوٹل** | | | **7,850,00** |

## 10۔ ماہرین ومشیران (CONTACT DETAILS)

ممکنہ سرمایہ کاروں کی سہولت کے لئے فرنیچر ڈیزائن سافٹ ویئر فروخت کرنے والی کمپنیوں کے ویب لنک نیچے فراہم کئے گئے ہیں:

| سپلائر کا نام | پتہ | ای میل/ویب سائٹ |
|---|---|---|
| ایکرو اوپرگراموونی Ecru Oprogramowanie | ال وینچا 2بی/117-31 8-7 کراکو پولسکا | ecru@ecru.pl<br>www.pro100.eu |
| بلم<br>Blum | ہیڈ آفس: پلانٹ 2، انڈسٹریسٹر،6973-1 ہوکسٹ<br>آسٹریا۔Ph: +43 5578 705-0<br>Fax: +43 5578 705-44<br>بلم ایس ای اے، سنگاپور 150 یو بی آئی ایونیو 4<br>نمبر 01-02 یو بی آئی ،بی آئی زیڈ، حب سنگاپور<br>408825<br>Tel: +65 6 547 1760<br>Fax: +65 6 547 1761 | www.blum.com<br>info.sq@blum.com |
| آرچی ایکسپو | | www.archiexpo.com |
| CAD انٹرنیشنل | | www.cad.com.au |

## 11۔ کارآمد روابط (USEFUL LINKS)

| | |
|---|---|
| سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) | www.smeda.org.pk |
| گورنمنٹ آف پاکستان | www.pakistan.gov.pk |
| منسٹری آف انڈسٹریز اینڈ پروڈکشن | www.moip.com.pk |
| گورنمنٹ آف پنجاب | www.punjab.gov.pk |
| گورنمنٹ آف سندھ | www.sindh.gov.pk |
| گورنمنٹ آف خیبر پختونخوا | www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk |
| گورنمنٹ آف بلوچستان | www.balochistan.gov.pk |
| گورنمنٹ آف گلگت بلتستان | www.gilgitbaltistan.gov.pk |
| گورنمنٹ آف آزاد جموں اینڈ کشمیر | wwwlajk.gov.pk |
| ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) | www.tdap.gov.pk |
| سیکیورٹی کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) | www.secp.gov.pk |
| فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اور انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) | www.fpcci.com.pk |
| سٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) | www.sbp.org.pk |
| پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن | www.psic.gop.pk |

| | |
|---|---|
| www.ssic.gos.pk | سندھ سمال انڈسٹریز کارپوریشن |
| www.pvtc.gop.pk | پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل (پی وی ٹی سی) |
| www.teveta.org | ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ٹیوٹا) |
| www.pie.com.pk | پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس (پی آئی ای) |
| www.fiedmc.com.pk | فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (ایف آئی ای ڈی ایم سی) |
| www.furniturepakistan.org.pk | فرنیچر پاکستان |

## 12۔ ضمیمہ جات (ANNEXURES)

## 12.1۔آمدن کا گوشوارہ (INCOME STATEMENT)

**Income Statement**

| | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 7,850,000 | 9,387,400 | 11,087,230 | 13,093,047 | 15,337,912 | 17,970,071 | 20,867,217 | 24,302,451 | 26,732,696 | 29,405,966 |
| *Cost of sales* | | | | | | | | | | |
| Direct Labor | 2,530,000 | 2,772,000 | 3,049,200 | 3,354,120 | 3,689,532 | 4,058,485 | 4,464,334 | 4,910,767 | 5,401,844 | 5,942,028 |
| Machinery Maintenance | 59,150 | 65,065 | 71,572 | 78,729 | 86,602 | 95,262 | 104,788 | 115,267 | 126,793 | 139,473 |
| Direct Electricity | 297,360 | 354,354 | 419,773 | 494,733 | 580,486 | 678,443 | 790,187 | 917,495 | 1,009,244 | 1,110,169 |
| Total cost of sales | 2,886,510 | 3,191,419 | 3,540,545 | 3,927,581 | 4,356,620 | 4,832,190 | 5,359,309 | 5,943,529 | 6,537,882 | 7,191,670 |
| Gross Profit | 4,973,490 | 6,195,981 | 7,546,685 | 9,165,466 | 10,981,292 | 13,137,880 | 15,507,908 | 18,358,922 | 20,194,814 | 22,214,296 |
| *General administration & selling expenses* | | | | | | | | | | |
| Administration expense | 1,344,000 | 1,478,400 | 1,626,240 | 1,788,864 | 1,967,750 | 2,164,525 | 2,380,978 | 2,619,076 | 2,880,983 | 3,169,082 |
| Administration benefits expense | 134,400 | 147,840 | 162,624 | 178,886 | 196,775 | 216,453 | 238,098 | 261,908 | 288,098 | 316,908 |
| Building rental expense | 420,000 | 462,000 | 508,200 | 559,020 | 614,922 | 676,414 | 744,086 | 818,461 | 900,307 | 990,338 |
| Water expense | 60,000 | 63,000 | 66,150 | 69,458 | 72,930 | 76,577 | 80,406 | 84,426 | 88,647 | 93,080 |
| Travelling expense | 120,000 | 132,000 | 145,200 | 159,720 | 175,692 | 193,261 | 212,587 | 233,846 | 257,231 | 282,954 |
| Communications expense (phone, fax, mail, internet, etc.) | 268,800 | 295,680 | 325,248 | 357,773 | 393,550 | 432,905 | 476,196 | 523,815 | 576,197 | 633,816 |
| Office vehicles running expense | 2,048 | 2,252 | 2,477 | 2,725 | 2,998 | 3,298 | 3,627 | 3,990 | 4,389 | 4,828 |
| Office expenses (stationary, entertainment, janitorial services, etc | 268,800 | 295,680 | 325,248 | 357,773 | 393,550 | 432,905 | 476,196 | 523,815 | 576,197 | 633,816 |
| Promotional expense | 785,000 | 706,500 | 635,850 | 572,265 | 515,039 | 463,535 | 417,181 | 375,463 | 337,917 | 304,125 |
| Insurance expense | 20,076 | 17,727 | 15,379 | 13,030 | 10,681 | 35,095 | 30,208 | 25,311 | 20,418 | 15,526 |
| Professional fees (legal, audit, consultants, etc.) | 157,000 | 187,748 | 221,785 | 261,861 | 306,758 | 359,401 | 417,341 | 486,089 | 534,654 | 588,119 |
| Depreciation expense | 498,311 | 498,311 | 493,311 | 555,468 | 555,468 | 606,336 | 678,291 | 678,291 | 678,291 | 761,587 |
| Amortization of pre-operating costs | 85,467 | 85,467 | 85,467 | 85,467 | 85,467 | - | - | - | - | - |
| Subtotal | 4,158,902 | 4,367,606 | 4,613,139 | 4,962,309 | 5,291,580 | 5,660,706 | 6,135,162 | 6,684,450 | 7,143,329 | 7,794,179 |
| Operating Income | 814,588 | 1,828,375 | 2,933,547 | 4,203,156 | 5,689,712 | 7,477,174 | 9,372,746 | 11,724,472 | 13,051,485 | 14,420,117 |
| Other income (interest on cash) | 83,005 | 166,927 | 362,649 | 673,963 | 1,138,102 | 1,772,212 | 2,643,279 | 3,782,104 | 5,156,692 | 6,807,794 |
| Gain / (loss) on sale of machinery & equipment | - | - | - | - | 133,310 | - | - | - | - | |
| Gain / (loss) on sale of office equipment | - | - | 709,800 | - | - | 1,176,582 | - | - | 1,539,491 | |
| Gain / (loss) on sale of office vehicles | - | - | - | - | 27,300 | - | - | - | - | |
| Earnings Before Interest & Taxes | 897,593 | 1,995,303 | 4,005,995 | 4,877,119 | 6,988,424 | 10,425,968 | 11,996,025 | 15,506,576 | 19,747,668 | 21,227,911 |
| Interest expense on long term debt (Project Loan) | 166,470 | 137,398 | 105,124 | 68,035 | 25,407 | - | - | - | - | - |
| Interest expense on long term debt (Working Capital Loan) | 62,385 | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Subtotal | 227,855 | 137,398 | 105,124 | 68,035 | 25,407 | - | - | - | - | - |
| Earnings Before Tax | 669,739 | 1,857,909 | 3,900,872 | 4,809,084 | 6,963,017 | 10,425,968 | 11,996,025 | 15,506,576 | 19,747,668 | 21,227,911 |
| Tax | 26,974 | 219,082 | 697,718 | 965,225 | 1,659,555 | 2,871,588 | 3,421,108 | 4,649,801 | 6,134,183 | 6,652,268 |
| **NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX** | **642,765** | **1,638,828** | **3,203,154** | **3,843,859** | **5,303,462** | **7,554,380** | **8,574,917** | **10,856,775** | **13,613,485** | **14,575,643** |

## 12.2۔اثاثوں اورواجبات کا گوشوارہ (BALANCE SHEET)

| Balance Sheet | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| *Current assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank | 1,061,364 | 1,013,767 | 3,159,420 | 5,906,797 | 10,942,271 | 17,510,285 | 26,795,006 | 39,286,976 | 55,266,633 | 73,651,656 | 96,543,193 |
| Accounts receivable | | 322,603 | 354,193 | 420,712 | 496,855 | 584,198 | 684,411 | 798,026 | 928,144 | 1,048,667 | 1,153,534 |
| Pre-paid building rent | 420,000 | 462,000 | 508,200 | 559,020 | 614,922 | 676,414 | 744,056 | 818,461 | 900,307 | 990,338 | - |
| Pre-paid insurance | 20,076 | 17,727 | 15,379 | 13,030 | 10,681 | 35,095 | 30,203 | 25,311 | 20,418 | 15,526 | - |
| Total Current Assets | 1,501,441 | 1,816,097 | 4,037,192 | 6,899,558 | 12,064,728 | 18,805,992 | 28,253,676 | 40,928,775 | 57,114,503 | 75,706,188 | 97,696,727 |
| *Fixed assets* | | | | | | | | | | | |
| Machinery & equipment | 333,275 | 299,948 | 266,620 | 233,293 | 199,965 | 591,990 | 516,127 | 440,265 | 364,402 | 288,539 | 212,676 |
| Furniture & fixtures | 520,000 | 468,000 | 416,000 | 364,000 | 312,000 | 260,000 | 208,000 | 156,000 | 104,000 | 52,000 | - |
| Office vehicles | 68,250 | 54,600 | 40,950 | 27,300 | 13,650 | 109,917 | 87,934 | 65,950 | 43,967 | 21,983 | - |
| Office equipment | 1,183,000 | 788,667 | 394,333 | 1,369,470 | 912,980 | 456,490 | 1,585,333 | 1,056,889 | 528,444 | 1,835,221 | 1,223,481 |
| Total Fixed Assets | 2,104,525 | 1,611,214 | 1,117,903 | 1,994,063 | 1,438,595 | 1,418,398 | 2,397,394 | 1,719,104 | 1,040,813 | 2,197,744 | 1,436,157 |
| *Intangible assets* | | | | | | | | | | | |
| Pre-operation costs | 427,336 | 341,869 | 256,402 | 170,935 | 85,467 | - | - | - | - | - | - |
| Legal, licensing, & training costs | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Intangible Assets | 427,336 | 341,869 | 256,402 | 170,935 | 85,467 | - | - | - | - | - | - |
| **TOTAL ASSETS** | **4,033,302** | **3,769,180** | **5,411,497** | **9,064,555** | **13,588,791** | **20,224,390** | **30,651,070** | **42,647,879** | **58,155,316** | **77,903,932** | **99,132,885** |
| **Liabilities & Shareholders' Equity** | | | | | | | | | | | |
| *Current liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Accounts payable | | 4,862 | 5,348 | 5,883 | 6,471 | 7,118 | 7,830 | 8,613 | 9,474 | 10,421 | 11,464 |
| Total Current Liabilities | - | 4,862 | 5,348 | 5,883 | 6,471 | 7,118 | 7,830 | 8,613 | 9,474 | 10,421 | 11,464 |
| *Other liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Deferred tax | | 26,974 | 246,056 | 943,773 | 1,908,998 | 3,568,553 | 6,440,142 | 9,861,250 | 14,511,051 | 20,645,234 | 27,297,502 |
| Long term debt (Project Loan) | 1,265,931 | 1,077,929 | 861,850 | 613,502 | 328,065 | - | - | - | - | - | - |
| Long term debt (Working Capital Loan) | 750,720 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Long Term Liabilities | 2,016,651 | 1,104,903 | 1,107,906 | 1,557,275 | 2,237,063 | 3,568,553 | 6,440,142 | 9,861,250 | 14,511,051 | 20,645,234 | 27,297,502 |
| *Shareholders' equity* | | | | | | | | | | | |
| Paid-up capital | 2,016,651 | 2,016,651 | 2,016,651 | 2,016,651 | 2,016,651 | 2,016,651 | 2,016,651 | 2,016,651 | 2,016,651 | 2,016,651 | 2,016,651 |
| Retained earnings | | 642,765 | 2,281,593 | 5,484,747 | 9,328,606 | 14,632,068 | 22,186,448 | 30,761,365 | 41,618,140 | 55,231,625 | 69,807,268 |
| Total Equity | 2,016,651 | 2,659,416 | 4,298,244 | 7,501,398 | 11,345,257 | 16,648,719 | 24,203,099 | 32,778,016 | 43,634,791 | 57,248,276 | 71,823,919 |
| **TOTAL CAPITAL AND LIABILITIES** | **4,033,302** | **3,769,180** | **5,411,497** | **9,064,555** | **13,588,791** | **20,224,390** | **30,651,070** | **42,647,879** | **58,155,316** | **77,903,932** | **99,132,885** |

## 12.3۔ گردش نقد کا گوشوارہ (CASH FLOW STATEMENT)

| Cash Flow Statement | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *Operating activities* | | | | | | | | | | | |
| Net profit | | 642,765 | 1,638,828 | 3,208,154 | 3,843,859 | 5,308,462 | 7,554,380 | 8,574,917 | 10,856,775 | 13,613,485 | 14,575,648 |
| Add: depreciation expense | | 493,311 | 493,311 | 493,311 | 555,468 | 555,468 | 606,336 | 678,291 | 678,291 | 678,291 | 761,587 |
| amortization of pre-operating costs | | 85,467 | 85,467 | 85,467 | 85,467 | 85,467 | - | - | - | - | - |
| Deferred income tax | | 26,974 | 219,082 | 697,718 | 965,225 | 1,659,555 | 2,871,588 | 3,421,108 | 4,649,801 | 6,134,188 | 6,662,268 |
| Accounts receivable | | (322,603) | (31,590) | (66,518) | (76,143) | (87,343) | (100,213) | (113,616) | (130,117) | (120,524) | (104,867) |
| Pre-paid building rent | (420,000) | (42,000) | (46,200) | (50,820) | (55,902) | (61,492) | (67,641) | (74,406) | (81,846) | (90,031) | 90,338 |
| Advance insurance premium | (20,076) | 2,349 | 2,349 | 2,349 | 2,349 | (24,415) | 4,892 | 4,892 | 4,892 | 4,892 | 15,526 |
| Accounts payable | | 4,862 | 486 | 535 | 588 | 647 | 712 | 783 | 861 | 947 | 1,042 |
| Cash provided by operations | (440,076) | 891,125 | 2,361,732 | 4,365,195 | 5,320,911 | 7,431,349 | 10,870,055 | 12,491,970 | 15,978,657 | 20,221,241 | 22,891,537 |
| *Financing activities* | | | | | | | | | | | |
| Project Loan - principal repayment | | (188,002) | (216,079) | (248,348) | (285,437) | (328,065) | - | - | - | - | - |
| Working Capital Loan - principal repayment | | (750,720) | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Project Loan | 1,265,931 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Working Capital Loan | 750,720 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Issuance of shares | 2,016,651 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash provided by / (used for) financing activities | 4,033,302 | (938,722) | (216,079) | (248,348) | (285,437) | (328,065) | - | - | - | - | - |
| *Investing activities* | | | | | | | | | | | |
| Capital expenditure | (2,531,861) | - | - | (1,369,470) | - | (535,270) | (1,585,333) | - | - | (1,885,221) | - |
| Acquisitions | | | | | | | | | | | |
| Cash (used for) / provided by investing activities | (2,531,861) | - | - | (1,369,470) | - | (535,270) | (1,585,333) | - | - | (1,885,221) | - |
| **NET CASH** | **1,061,364** | **(47,598)** | **2,145,654** | **2,747,376** | **5,035,474** | **6,568,014** | **9,284,721** | **12,491,970** | **15,978,657** | **18,386,023** | **22,891,537** |

## 13۔ کلیدی مفروضے (Key Assumptions)

### 13.1۔ روزمرہ کے اخراجات کا مفروضہ

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| دفتری اخراجات (پرنٹنگ، سٹیشنری، انٹرٹینمنٹ وغیرہ) | 20 فیصد (انتظامی اخراجات کا) |
| انتظامی بہبود کے اخراجات | 10 فیصد (انتظامی اخراجات کا) |
| تشہیری اخراجات | 10 فیصد (آمدنی کا) |
| نقل وحمل کے اخراجات | 10 فیصد (انتظامی اخراجات کا) |
| سفری اخراجات | 10,000 روپے ماہانہ |
| پروفیشنل فیس (آڈٹ، لیگل وغیرہ) | 2 فیصد (آمدنی کا) |
| واجب الوصول (دنوں میں) | 15 |
| واجب الادا (دنوں میں) | 30 |

### 13.2۔ پیداواری مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| بجلی کے اخراجات میں اضافہ کی شرح | 10 فیصد |
| تنخواہوں میں اضافہ کی شرح | 10 فیصد |
| مشینری کی دیکھ بھال | فی پیداواری یونٹ کا 5 فیصد |
| خام مال انوینٹری (دنوں میں) | 30 |
| قیمت فروخت میں اضافہ کی شرح | 10 فیصد سالانہ |

### 13.3۔ آمدنی کے مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| دفتری فرنیچر۔ قیمت فروخت کا تخمینہ (روپے) | |
| جنرل آفس فرنیچر | 25,000 |
| ایگزیکٹو آفس فرنیچر | 35,000 |
| گھریلو فرنیچر۔ قیمت فروخت کا تخمینہ (روپے) | |
| ڈبل بیڈروم | 20,000 |
| سنگل بیڈروم | 12,000 |
| کامن روم، ڈرائنگ اور ڈائننگ | 20,000 |

| | |
|---|---|
| کچن | 20,000 |
| متفرق ۔ قیمت فروخت کا تخمینہ (روپے) | |
| الماری | 10,000 |
| کیبینٹ (Cabinets) | 10,000 |
| ریکس اور شیلفس | 10,000 |
| قیمت فروخت میں شرح اضافہ | 10 فیصد |
| زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت کا استعمال | 95فیصد |
| پیداواری استعداد پہلے سال | 60فیصد |
| استعداد میں اضافہ کی شرح سالانہ | 5فیصد |
| کام کے اوقات روزانہ | 8 گھنٹے |
| قابل عمل دن ماہانہ | 25 |
| قابل عمل دن سالانہ | 300 |

## 13.4۔ مالیاتی مفروضات

| مندرجات | تفصیل |
|---|---|
| قرض | 50فیصد |
| ذاتی سرمایہ | 50فیصد |
| قرض پر شرح منافع | 14فیصد |
| قرض کی مدت/ سال | 5 |
| قرض کی ادائیگی/ سال | 12 |
| منصوبہ کی مدت/ سال | 10 |